SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

September 11, 2018

***For immediate release***

## ایس ای سی پی نے گوادر میں سہولت مرکز کا آغاز کر دیا

اسلام آباد' ۱۱ ستمبر: کاروبار کو رجسٹر کروانا سرمایہ کاروں کی بنیادی ضرورت ہوتا ہے۔اس ضرورت کو پورا کرنے کے لئے ایس ای سی پی نے گوادر میں تمام سہولتوں سے آراستہ جدید سہولت مرکز کا آغاز کر دیا ہے۔

کاروباری طبقے کی سہولت کے لئے ایس ای سی پی نے بہت سے اقدامات کئے ہیں۔ایس ای سی پی حکومت کے ان اولین محکموں میں سے ہے جنہوں نے گوادر فری زون میں مقامی اور غیر ملکی کاروباری طبقے کو سہولتیں مہیا کرنا شروع کر دیا ہے۔

سی پیک ایک انتہائی اہم منصوبہ جو غیر مقامی اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کے لئے بہت پر کشش ہے۔ایس ای سی پی سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولت مہیا کر رہا ہے۔اس کے لئے یہ بات قابل فخر ہے کہ تمام دستاویزات جمع ہونے کے چار گھنٹے کے اندر اندر رجسٹریشن کر رہا ہے۔ایس ای سی پی میں کمپنی کی رجسٹریش کی درخواست طبعی اور آن لائن طریقوں سے دی جاسکتی ہے۔تمام متعلقہ دستاویزات ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر مہیا کر دی گئی ہیں۔آن لائن رجسٹریشن کی فیس صرف پندرہ سو روپے رکھی گئی ہے جبکہ دستی رجسٹریشن کی فیس تین ہزار روپے مقرر کی گئی ہے۔یہ ادائیگی کریڈٹ اور ڈیبٹ کارڈ کے ذریعے کی جاسکتی ہے۔این ٹی این کے لئے اب سرمایہ کاروں کو ایف بی آر جانے کی ضروت نہیں ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005